## پشاور کے علاقے کرک میں بس اور ویگن کے درمیان ہولناک تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔21، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پشاور کے علاقے کرک میں بس اور ویگن کے درمیان ہولناک تصادم کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے جاں بحق ہونے والے افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیو ایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے اور زخمیوں کو جلد و مکمل صحت یابی عطا فرمائے۔(آمین)

## پاکستان پریس کلب یوکے کے صدر پی جے میر اور دیگر نومنتخب عہدیداروں کو ایم کیو ایم کے قائد الطاف حسین کی دلی مبارکباد

## امید ہے پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران یوکے میں پاکستان کے امیج کو بہتر کرنے اور ملک کے عزت ووقار میں اضافہ کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔الطاف حسین

لندن۔۔۔21 جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ممتاز اینکر پرسن پی جے میر کو پاکستان پریس کلب یوکے کا صدر منتخب ہونے پر دلی مبارکباد پیش کی ہے۔اپنے ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے پی جے میر کے علاوہ یوکے پریس کلب کے نومنتخب عہدیداروں سینئر نائب صدر اظہر جاوید، نائب صدر افشاں بنگش، جنرل سیکریٹری مبین چودھری، جوائنٹ سیکرٹری ارشد چہال، فنانس سیکرٹری قیصر امام انفارمیشن سیکریٹری اے حق اور مجلس عاملہ کے ارکان راجہ فریاد خان، ناصر خان، آفتاب بیگ، شاکر قریشی، رب نواز چغتائی، عمر مجاہد، نتاشہ شیخ اور سہیل عباس کو بھی ان کے انتخاب پر ایم کیو ایم کی جانب سے دلی مبارکباد پیش کی اور امید ظاہر کی کہ پریس کلب کے نومنتخب عہدیداران یوکے میں پاکستان کے امیج کو بہتر کرنے اور ملک کے عزت ووقار میں اضافہ کیلئے اپنی صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں گے۔

## عوام کی جانب سے اس حق میں ووٹ دینا کہ ایم کیو ایم اپنا وزیراعظم لاسکتی ہے الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سچائی ہے

## اب ملک کی تیسری بڑی قوت متحدہ قومی موومنٹ ہی عوام کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے

## نجی ٹیلی ویژن کے پول میں ایم کیو ایم کی کامیابی پر نائن زیرو اور انٹرنیشنل سیکریٹریٹ میں مبارکباد کے پیغامات کا تانتا

کراچی۔۔۔21، جون 2010ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا ہے کہ نجی ٹیلی ویژن کے ٹاک شو میں ایم کیو ایم اپنا وزیراعظم لاسکتی ہے کہ عنوان سے کئے گئے پول میں 65 فیصد افراد کی جانب سے ایم کیو ایم کے حق میں ووٹ دینا قائد تحریک جناب الطاف حسین کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سچائی کا ثبوت ہے۔ایم کیو ایم کے مرکز نائن زیرو عزیز آباد اور ایم کیو ایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن میں پول کے نتیجہ کا اعلان ہوتے ہی ٹیلی فیکس اور ای میل پر پیغامات کا تانتا بندھ گیا اور مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے پول میں ایم کیو ایم کی بھرپور کامیابی پر قائد تحریک جناب الطاف حسین کو دلی مبارکباد بھی پیش کی۔اپنے پیغامات میں انہوں نے کہا کہ ملک کی سیاسی تاریخ کا بغور جائزہ لیا جائے تو ملک بھر کے عوام بار بار آزمائی ہوئی سیاسی و مذہبی جماعتوں کو ہی آزماتے رہے ہیں جن کا تعلق خود فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام سے جڑا ہوا ہے۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے حق پرستانہ فکر وفلسفہ اور نظریئے کے فروغ کے باعث ملک بھر کے عوام میں شعوری بیداری کا عمل تیزی سے پروان چڑھ رہا ہے اور ملک بھر کے عوام اب غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت متحدہ قومی موومنٹ کی طرف ہی امید بھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں۔ان کا کہنا تھا کہ ملک کی تیسری عوامی قوت متحدہ قومی موومنٹ ہی ہے جو حق پرستی کے فکر وفلسفہ اور نظریئے کی سچائی کے باعث ملک بھر کے عوام کی توجہ کا مرکز بنی ہوئی ہے اور غریب ومتوسط طبقے کے عوام اور ملک کو مسائل سے چھٹکارا دلانے کی صلاحیت ایم کیو ایم میں ہی دیکھی جارہی ہے لہٰذا ایم کیو ایم ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی بھرپور حمایت سے اپنا وزیراعظم باآسانی لاسکتی ہے اور عوام کی بھرپور حمایت پر ملک کا اقتدار اور حکومت اس کا جمہوری حق ہے۔انہوں نے کہا کہ نجی ٹیلی ویژن کے پول میں عوام کی جانب سے اس امر کا برملا اظہار کرنا کہ ایم کیو ایم اپنا وزیراعظم لاسکتی ہے حق

پرستی کے فکر وفلسفہ اورنظریئے کے بھر پور فروغ کا واضح ثبوت ہے ۔ان کا کہنا تھا کہ انشاءاللہ غریب ومتوسط طبقے کی ترجمانی ،انصاف کی فراوانی ،ظلم کے نظام کے خاتمے اوراقتدار اوراختیار سازی میں عوام کی شمولیت وشرکت کوایم کیوایم ہی اقتدار میں آکرعملی طور پرممکن بنائے گی ۔اپنے پیغامات میں انہوں نے حق پرستانہ جدوجہد کی کامیابی اورقائدتحریک جناب الطاف حسین کی درازی عمر،صحت وتندرستی کیلئے دعائیں بھی کیں ۔

## پاکستان کے 65فیصدافراد نے ایم کیوایم کے وزیراعظم کی حمایت کردی
## نجی ٹی وی کے خصوصی پروگرام میں کئے گئے پول میں عوام کا اظہار رائے

کراچی۔۔۔21،جون2010ء

ملک بھر کےعوام کی اکثریت کا کہنا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ غریب ومتوسط طبقے کی نمائندہ جماعت ہےاورآئندہ انتخابات میں ایم کیوایم اپناوزیراعظم لاسکتی ہے ۔اتوار کی شب نجی ٹیلی ویژن کےخصوصی پروگرام میں قومی اسمبلی میں ایم کیوایم کے ڈپٹی پارلیمانی لیڈرحیدرعباس رضوی شریک تھے جس میں پول کے ذریعےعوام سے رائے طلب کی گئی تھی کہ کیا ایم کیوایم اپناوزیراعظم لاسکتی ہے؟۔اس پول میں پاکستان بھر کےعوام کی اکثریت نے حصہ لیااوراپنی رائے کا اظہار کیا۔ پاکستان کے چاروں صوبوں سےتعلق رکھنے والے 65فیصدافراد کی جانب سے کہا گیا ہے کہ ایم کیوایم آئندہ انتخابات میں اپناوزیراعظم لاسکتی ہے جبکہ 35فیصدافراد نے اس کی مخالفت میں رائے دی ہے ۔نجی ٹی وی کے خصوصی پروگرام میں حیدرعباس رضوی نے میزبان کے تمام سوالات کےتسلی بخش جواب دیااورواضح کیا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہےاور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کےعوام ایم کیوایم کی جانب امیدبھری نظروں سے دیکھ رہے ہیں ۔

## ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹر کے جواں سال کارکن ٹریفک حادثے میں ہلاک ،الطاف حسین اوررابطہ کمیٹی کا اظہارتعزیت
## تدفین میں ایم کیوایم کے ذمہ داران وکارکنان کی شرکت ،سوئم منگل کو ہوگا

کراچی۔۔۔21،جون2010ء

متحدہ قومی موومنٹ لیاقت آبادسیکٹر یونٹ166 کے جواں سال کارکن حتیم اللہ صدیقی ٹریفک کے حادثے میں ہلاک ہوگئے ۔مرحوم کی عمر24 سال تھی اور وہ غیر شادی شدہ تھے ۔مرحوم کے پسماندگان میں والدین،ایک بہن اورایک بھائی شامل ہیں ۔دریں اثناءحتیم اللہ صدیقی کوسینکڑوں سوگواران کی آہوں اورسسکیوں کے درمیان لیاقت آبادسی ون ایریاقبرستان میں سپردخاک کردیاگیا۔مرحوم کی نمازِ جنازہ اتوار بعدنمازظہر جامع مسجداشرف عثمان گوٹھ میں ادا کی گئی ۔نماز جنازہ اورتدفین میں حق پرست نمائندے،ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹرویونٹ کمیٹیوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیزواقارب نے بڑی تعداد میں شرکت کی ۔مرحوم کی فاتحہ سوئم 22جون بروزمنگل بعدنمازِظہر جامع مسجدالبقیع عثمان گوٹھ سی ون ایریالیاقت آباد میں ہوگی جس میں مرحوم کی روح کے ایصال ثواب کیلئے قرآن خوانی وفاتحہ خوانی کی جائے گی ۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین نے ٹریفک حادثہ میں ایم کیوایم لیاقت آبادسیکٹر کے کارکن حتیم اللہ صدیقی کی ہلاکت پرگہرے رنج وغم کا اظہار کیا ہے ۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوارلواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کےغم میں برابر کےشریک ہیں ۔ جناب الطاف حسین نے سوگوارلواحقین کوصبر کی تلقین کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطافرمائے ۔(آمین)

مزید برآں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی نے لیاقت آبادسیکٹر یونٹ166 کے کارکن حتیم اللہ صدیقی کی ہلاکت پردلی افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کواپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطافرمائے اورسوگواران کوصبرجمیل عطا کرے(آمین)

## ایم کیوایم بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن حسین بخش تنظیمی نظم وضبط کی خلاف ورزی پر بنیادی رکنیت سے خارج

کراچی۔۔۔21، جون 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے تنظیمی نظم وضبط کی سنگین خلاف ورزی اور غیر تنظیمی سرگرمیوں میں ملوث ہونے کی بناء پر ایم کیوایم بلوچستان آرگنائزنگ کمیٹی کے رکن حسین بخش پنہور ولد محرم خان کو فوری طور پر تنظیم کی بنیادی رکنیت سے خارج کر دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم کے تمام ذمہ داران وکارکنان کو ہدایت کی ہے کہ وہ تنظیمی نظم وضبط پر سختی سے عمل کرتے ہوئے حسین بخش پنہور ولد محرم خان سے کسی بھی قسم کا ہرگز کوئی رابطہ نہ رکھیں۔

☆☆☆☆☆